Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | منگل، 27 اگست 2024ء، 20 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 148

آرمی چیف سے چینی پیپلز لبریشن آرمی کے کمانڈر کی ملاقات

دفاعی تعاون پر بڑھانے پر تبادلہ خیال، چینی کمانڈر نے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کی تعریف کی

پاکستان چین کیساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے، سربراہ پاک فوج کی گفتگو، پاک آرمی کی بے مثال پیشہ وارانہ مہارت اور لگن کا اعتراف کیا، آئی ایس پی آر

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چین کی پیپلز لبریشن آرمی کی زمینی افواج کے کمانڈر جنرل لی کیاوشنگ ملاقات کررہے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ آئی ایس پی آر کی جاب سے جاری بیان کے مطابق چینی پیپلز لبریشن آرمی گراؤنڈ فورسز کے کمانڈر جنرل لی چیاوشنگ نے پیکو جنرل ہیڈ کوارٹرز میں چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 2 9)

مریم نواز کا داتا دربار عرس انتظامات پر اظہار اطمینان

علی بن ہجویریؒ نے محبت، احترام، امن، رواداری کا پیغام عام کیا

زائرین مہمان، احترام کے ساتھ لنگر پیش، ٹریفک روانی یقینی بنائی جائے

لاہور (انٹرنیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے داتا دربار عرس انتظامات پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ حضرت علی بن ہجویریؒ نے محبت، احترام، امن اور رواداری کا پیغام عام کیا، زائرین ہمارے مہمان ہیں، احترام کے ساتھ لنگر پیش، ٹریفک روانی یقینی (بقیہ نمبر 2 8)

چلی آئی اے کی بولی کیم اکتوبر کو کرانے کی تجویز زیر غور

نجکاری کیلئے وزیراعظم کی نجکاری شفاف بنانے کیلئے بڈنگ ٹیلی ویژن پر براہ راست دکھانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) قومی ایئر لائن پی آئی اے کی نجکاری کیلئے بولی کیم اکتوبر کو کرانے کی تجویز زیر غور ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے نجکاری شفاف بنانے کیلئے بڈنگ ٹیلی ویژن پر براہ راست دکھانے کی ہدایت کی (بقیہ نمبر 2 3)

آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا شیڈول جاری

وزارت خزانہ ستمبر میں 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کی حتمی منظوری کے لیے پُرامید ہے، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کے ایگزیکٹو بورڈ کا 4 ستمبر کا شیڈول جاری کردیا گیا۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف بورڈ کے شیڈول میں فی الحال پاکستان کا نام شامل نہیں۔ وزارت (بقیہ نمبر 3 1)

مشیر اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز مقرر کرنے کا فیصلہ

تقرری دو سال کیلئے ہوگی، کابینہ کو رسمی منظوری دے دی جائے گی، تنخواہ 15 سے 20 لاکھ کی جائے گی، حکم خزانہ ڈویژن

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے مشیر برائے اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز مقرر کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے خواہشمند امیدواروں سے 9 ستمبر تک درخواستیں طلب کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی (بقیہ نمبر 3 0)

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران 21 دہشتگرد ہلاک، 14 جوان شہید

موسیٰ خیل میں 23 افراد قتل

گاڑیوں سے اتار کر

صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف واقعے میں جاں بحق افراد کے لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت کیا

دہشتگردوں کے حملوں کا مقصد بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنا تھا، مکین، بزدلانہ کارروائیوں کے ماسٹر مائنڈ معاونین، بھولے کاروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، آئی ایس پی آر

واقعہ ڈیرہ غازی روڈ کنگری سے 22 کلومیٹر دور ہوا، ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے بعض اصوبائی گاڑیاں روکیں اور بسوں سے مسافروں کو اتارا اور فرنٹیئر کور کے اہلکاروں کو نشانہ بنایا، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ مسلح افراد کی شناخت کے بعد انہیں (بقیہ نمبر 4 1)

لورالائی (اے ایف پی) بلوچستان کے ضلع موسیٰ خیل میں 23 افراد کو گاڑیوں سے اتار کر قتل کردیا گیا، ایس پی موسیٰ خیل ایوب اچکزئی کے مطابق بلوچستان کے ضلع موسیٰ خیل کے علاقے شاہراہ پر ناکہ لگا کر نہتے مسافروں کو اتارا گیا، فائرنگ کے

چیئرمین لبریشن آرمی گراؤنڈ فورسز کے کمانڈر جنرل لی کیاوشنگ نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی

اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس

مشترکہ پارلیمنٹ کا اجلاس اگلے ہفتے بدھ یا جمعرات کو طلب کرنے کی تجویز، مشترکہ اجلاس میں کوئی آئینی ترمیم نہیں ہوسکتی

اجلاس میں ختم نبوت سے متعلقہ کیس کے حوالے سے پارلیمان، علماء اور دیگر کے کردار کی تعریف ختم نبوت ایمان کا حصہ ہے

اسلام آباد (ثناسخہ عوامی للکار) اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس ایڈوائزری کمیٹی کی قومی اسمبلی کے نویں اجلاس کے اجینڈے اور دورانیے کے حوالے سے بات چیت قومی اسمبلی کا مورخہ 26 اگست سے شروع ہونے والے اجلاس کا دورانیہ دو ہفتے رکھنے کی تجویز ضرورت پڑنے پر قومی اسمبلی کے نویں اجلاس کے دورانیے میں دوبدل کیا جا سکتا ہے (بقیہ نمبر 7)

بلوان، 2 مقامات سے 6 افراد کی لاشیں برآمد

انداز ہے مقتولین کو شناختی کارڈ چیک کرکے قتل کیا گیا، ایس ایچ او ڈھاڈر

بلوان (انٹرنیوز) بلوچستان کے علاقے بلوان میں 2 مقامات سے 6 افراد کی لاشیں برآمد کرلی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے علاقے بلوان میں مختلف (بقیہ نمبر 5 3)

اسپیکر سردار ایاز صادق قومی اسمبلی کی بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

موسیٰ خیل، 23 افراد کی ہلاکت، عطاء تارڑ کا اظہار افسوس

معصوم مسافروں کو نشانہ بنا کر بربریت کا مظاہرہ کیا گیا، ملوث عناصر کو جلد کارنج نہیں پائیں گے

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے موسیٰ خیل میں 23 افراد کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے معصوم مسافروں (بقیہ نمبر 9)

بجلی کے پری پیڈ میٹرز کا منصوبہ زیر غور ہے

جیسے فون میں پری پیڈ سسٹم ہوتا ہے، اسی طرح کا میٹر بھی ملنا چاہیے، وفاقی توانائی اویس لغاری

بجلی چوری کم کرنے کے لیے اقدامات کررہے ہیں، پاور سیکٹر کو درپیش مسائل حل کی بجائیں گے، میڈیا سے گفتگو

ملتان (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ بجلی کے پری پیڈ میٹرز کا منصوبہ زیر غور ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جیسے فون میں پری پیڈ سسٹم ہوتا ہے، اسی طرح کا میٹر بھی ملنا چاہیے۔ اویس لغاری نے کہا کہ کوشش ہے کہ بجلی چوری ہونے والا نقصان گزشتہ سال سے کم ہو، بجلی چوری قابل برداشت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا بجلی چوری کم کرنے کے لیے اقدامات کررہے ہیں، بجلی صارفین کو سہولیات دینے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ وفاقی وزیر اویس لغاری نے کہا کہ بجلی چوری کم کرنے (بقیہ نمبر 2)

وفاقی وزیر برائے توانائی اویس احمد خان لغاری فیسکو ہیڈ کوارٹرز فیصل آباد میں ایک میٹنگ کررہے ہیں

لیویز تھانے پر مسلح افراد کا حملہ، متعدد گاڑیاں اور ریکارڈ جلا دیا

مستونگ (آئی آر پی) بلوچستان کے ضلع مستونگ کی تحصیل کھڈکوچہ کے قریب لیویز تھانے پر مسلح افراد نے حملہ کیا ہے۔ لیویز ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز نے آپریشن کرکے تھانے پر سے مسلح افراد کا قبضہ ختم کرا لیا جبکہ ملزمان فرار ہو گئے۔ مسلح افراد نے تھانے میں موجود متعدد گاڑیاں، (بقیہ نمبر 4 8)

ایل ڈی اے میں آن لائن رہائشی بلڈنگ پلان کی منظوری کا آغاز

شہری گھر بیٹھے آن لائن رہائشی نقشوں کی منظوری کرا سکتے ہیں، اعتراض کی صورت میں درستگی اور منظور شدہ نقشہ ڈاؤن لوڈ کیا جا سکے گا

ایل ڈی اے میں ڈیجیٹل ریفارمز کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے، پنجاب بھر کے اداروں کو ماڈرن لائسنس پروٹیکٹڈ بنایا رہے ہیں: مریم نواز

دستک پلاٹ پراجیکٹ کے بہترین رزلٹ مل رہے ہیں، بتدریج ڈائرو کا کو دست دیں گے، سرکاری کلنکوں میں فائل کلچر ختم کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) دریائی پنجاب مریم نواز شریف کا دورہ، ڈیجیٹل پنجاب، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی آن لائن رہائشی نقشوں کی (بقیہ نمبر 5 0)

گھریلو صارفین کے لئے 14 روپے فی یونٹ کا ریلیف

20 سے 50 یونٹس استعمال کرنے والے گھریلو صارفین کے حامل صارفین مستفید ہوں گے

بلوں کی مقررہ تاریخ ادائیگی میں بھی توسیع کردی گئی ہے۔ ترجمان آئیسکو

اسلام آباد (ثناسخہ عوامی للکار) حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق آئیسکو کے ایسے گھریلو صارفین جن کے ماہ اگست کے بلوں کے استعمال شدہ یونٹس 201 تا 500 تک ہیں ان ایسے صارفین جنہوں (بقیہ نمبر 2 7)

امیدوار پی 56 فرخ شن برائے چیئرمین راجہ حافظ حسین، امیدوار جنرل کونسلر وارڈ 1 چودری شاہد محمود، امیدوار جنرل کونسلر وارڈ 2 محمد ذاکا کیانی، ایڈوکیٹ سپورٹز اور میڈیا نمائندگان کے ساتھ علاقے کے مسائل حل کروانے کے لیے میٹنگ کررہے ہیں

پاکستانی زائرین کو لے جانے والی ایک اور بس کو حادثہ، 3 افراد جاں بحق

تہران (این این آئی) ایران میں پاکستانی زائرین کو لے جانے والی بس کو حادثہ پیش آنے کے نتیجے میں کم از کم تین افراد جاں بحق اور 48 زخمی ہو گئے۔ حضرت (بقیہ نمبر 3 4)

اسپیکر کا رانا افضال حسین کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

رانا افضل حسین کی وفات سوگوار خاندان اور حلقے کی عوام کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے

اسلام آباد (ثناسخہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی رانا افضال حسین کی وفات پر اظہار تعزیت۔ اسپیکر کا رانا افضال حسین کی وفات پر گہرے دکھ اور والد گرامی صوبائی اسمبلی رانا افضال حسین کی وفات پر اظہار تعزیت۔ اسپیکر کا رانا افضال حسین کی وفات پر گہرے دکھ اور (بقیہ نمبر 3 3)

دستک پروگرام کے تحت سروسز کی فراہمی مزید آسان بنانے کا فیصلہ

آئی ٹی کے ذریعے لوگوں کی زندگیوں میں آسانیاں لا رہے ہیں، شہری دفاتر کے چکر لگائے بغیر گھر بیٹھے دستک سروسز حاصل کرسکتے ہیں

ابتدائی طور پر لاہور میں ڈومیسائل، ای سٹیمپنگ، ڈیتھ، برتھ، میرج سرٹیفکیٹس سمیت 41 سروسز فراہم کی جارہی ہیں: چیف سیکرٹری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے دستک پروگرام کے ذریعے لوگوں کو گھر بیٹھے سروسز کی فراہمی مزید آسان بنانے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کے روٹر میں ترامیم کی جائیں گی۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس پیر کے روز سول سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں دستک پروگرام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بلدیات، مواصلات و تعمیرات کے سیکرٹریز، (بقیہ نمبر 3 5)

اسلام آباد یوٹیلٹی اسٹورز کے ملازمین کا ہیڈ کوارٹر کے باہر دھرنا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بھر سے یوٹیلٹی اسٹورز کے ملازمین نے ہیڈ کوارٹر کے باہر دھرنا دے دیا۔ ملازمین نے مطالبہ کیا ہے کہ یوٹیلٹی اسٹورز کو بحال کیا جائے، یہ 14 ہزار ملازمین ہیں، جو بے روزگار ہونے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے یونین کے صدر نے کہا ہے کہ 16 سال ہمارے ملازمین کو سروس ہے، حکومت ہمارے ساتھ مذاکرات کرے۔

صوبائی وزراء خواجہ سلمان رفیق اور صہیب احمد ملک مجلہ اعلیٰ کے مرکزی کنٹرول روم میں مانیٹرنگ نظام کا جائزہ لے رہے ہیں

عافیہ اور بچوں کو کس اختیار کے تحت امریکا کے حوالے کیا گیا؟ اسلام آباد ہائیکورٹ کا سوال

امریکی وکیل نے عافیہ کے بچوں سمیت اغوا اور امریکہ کے حوالے کرنے سے متعلق حقائق پر مبنی اعلامیہ عدالت میں جمع کرادیا

ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کے وکیل عمران شفیق نے کیس کی سماعت کے بعد اسلام ہائی کورٹ کے احاطے کے باہر میڈیا کو بریفنگ دی

کراچی/اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر آئینی پٹیشن نمبر 3139/2015 کی سماعت کے بعد میڈیا کو وکیل ایڈووکیٹ عمران شفیق نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا کو بریفنگ دی: ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کے بچوں سمیت کس اختیار کے تحت امریکی انٹیلیجنس کے حوالے کیا گیا؟ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کے اغوا کا مقدمہ درج کیا جائے، ہم سب اس میں اپنا حصہ ڈالیں گے، پاکستان ترقی کرے گا کیونکہ اس وقت (بقیہ نمبر 3 6)

لڈ، جہلم ڈیول کیرج دے عوام کے لیے عذاب بن گیا

ضلع جہلم کے کاروباری وتفریح مراکز کی تباہی کا بڑا سبب بن گیا

پنڈ دادنان (سرفراز عباس سے) لڈ، جہلم ڈیول کیرج دے عوام کے لیے عذاب بن گیا سات کی بجیٹ چنے ہوئے اداموں منصوبہ ضلع جہلم کے کاروباری وتفریح مراکز کی تباہی کا بڑا سبب بن گیا انوا کا شکار منصوبہ مسلم لیگ (ن) کے ویڈیوں وفاقی وصوبائی (بقیہ نمبر 3 3)

نویں جماعت کی طالبہ کا مبینہ گینگ ریپ کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (آئی آئی پی) قائد صدر بدوملی کے علاقے میں نویں جماعت کی 15 سالہ طالبہ کا مبینہ گینگ ریپ کرنیوالا ایک ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ لڑکی نے بتایا کہ سرکاری سکول میں زیر تعلیم ہوں اور سکول آتے جاتے ملزم قیمت خان عرف گلی تعاقب کرتا تھا اور ہراساں کرتے (بقیہ نمبر 3 7)

عوامی ایم پی اے شوکت عزیز بھٹی کا ہسپتال کا سرپرائز وزٹ

شکایات پر سخت اظہار برہمی کا اظہار، ایم ایس اکھو مطمئن کرنے کی کوشش ناکام

گوجرخان (قمرشہزاد) عوامی ایم پی اے شوکت عزیز بھٹی کا ہسپتال کا سرپرائز وزٹ شکایات پر سخت اظہار برہمی کا اظہار کیا، ایم ایس کی اکھو مطمئن کرنے کی کوشش ناکام رہی۔ عوامی ایم پی اے شوکت عزیز بھٹی نے ہسپتال کا دورہ کیا جہاں ایم ایس کی اکھو مطمئن کرنے کی کوشش ناکام رہی۔

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سب سے صاف آواز
ناشر: عوامی لیبر پارٹی راولپنڈی
ناشر: عوامی لیبر پارٹی راولپنڈی
عوامی حقوق کی ترجمان

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

غلط فیصلوں کا اعتراف

چیف جسٹس کی سربراہی میں پانچ رکنی شریعت ایپلیٹ بنچ نے دو افراد کے قتل اور زنا بالرضا کے الزام میں نامزد ملزم کی اپیل کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ نے 18 ستمبر 2018ء کو اپیل منظور کی۔ اپیل کا فیصلہ کرنے میں چھ سال کی تاخیر پر معذرت خواہ ہیں۔ انصاف کی فراہمی کیلئے جتنی کوشش ہونی چاہیے۔ بدقسمتی سے سپریم کورٹ کا شریعت بنچ طویل عرصے تک غیر فعال رہا۔ سپریم کورٹ کے شریعت بنچ کے غیر فعال رہنے کی آئین میں کوئی گنجائش نہیں۔ گرمیوں کی چھٹیوں میں بھی عدالت اور سپریم کورٹ کے ججز کو فوجداری مقدمات سننے کیلئے دستیاب ہونا چاہیے۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ انصاف کی شفاف فراہمی کسی بھی ملک کی ترقی کی ضامن ہوتی ہے کیونکہ انصاف کا نظام ہی جمہوریت، قانون کی حکمرانی، انسانی حقوق کی پاسداری اور سیاسی استحکام کو یقینی بناتا ہے۔ جب انصاف کے تمام تقاضے پورے ہوں تو عدالتی نظام پر عوام کا بھی اعتماد پیدا ہوتا ہے جس سے انہیں حق بات کیلئے اور سننے کا حوصلہ ملتا ہے۔ چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے چیف جسٹس کے منصب پر فائز ہوتے ہی عدالتی نظام میں اصلاحات کا عزم باندھا جس کے تحت اس وقت عدالتی نظام میں جو احسن روایات سامنے آ رہی ہیں ان کا کریڈٹ یقیناً چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو ہی جاتا ہے۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں سب سے پہلے علامتی طور پر سپریم کورٹ کے 9 رکنی بنچ نے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے ٹرائل کو غیر شفاف قرار دیکر عدالتِ عظمیٰ پر لگے ایک بڑے الزام کا ازالہ کیا اور عدل گستری میں ایک اچھی روایت قائم کی۔ فاضل چیف جسٹس نے نظام عدل میں پائے جانے والے کئی نقائص کی نشاندہی بھی کی اور عدالتی نظام میں کسی بھی قسم کی مداخلت برداشت نہ کرنے کا عندیہ دیا جس پر وہ سختی سے کاربند بھی نظر آتے ہیں۔ گزشتہ دنوں مبارک ثانی ضمانت کیس میں بھی انکی سربراہی میں عدالت عظمیٰ نے اپنی غلطی کا اعتراف کیا اور اپنے فیصلوں سے قادیانیوں سے متعلق معترضہ پیراگراف حذف کر کے اس کا ازالہ کیا۔ گزشتہ روز چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں پانچ رکنی شریعت ایپلیٹ بنچ نے دو افراد کے قتل اور زنا بالرضا کے الزام میں نامزد ملزم کی اپیل کا تحریری فیصلہ 6 سال کی تاخیر سے صادر کرنے پر بھی معذرت کی۔ غلط فیصلوں کا ازالہ کر کے عدالتی نظام میں جو اچھی روایات سامنے آ رہی ہیں امید کی جا سکتی ہے کہ اس سے نظام انصاف پر عوام کا اعتماد بحال ہوگا" سائلوں کو فوری اور سستا انصاف ملے گا۔ زیر التواء مقدمات کو نمٹانے کیلئے جو پالیسی بنائی جا رہی ہے وہ بھی قابل ستائش ہے۔ اس پالیسی کے تحت گرمیوں کی چھٹیوں میں بھی عدالت اور سپریم کورٹ کے ججز کو فوجداری مقدمات سننے کا پابند کیا جا رہا ہے۔ عوام کی فلاح و بہبود اور ملکی ترقی کیلئے دوسرے اداروں کو بھی اس قابل قدر روایت کی تقلید کرنی چاہیے۔

اپنی چھت۔۔۔اپنا گھر، ہمارا وعدہ۔۔۔ہوا پورا

دربار۔۔۔! فرخ ادیب خان تریڑ
Tariqadkhan@gmail.com

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی چھت۔اپنا گھر مال ہاؤس کا افتتاح کر دیا۔ حکومت پنجاب نے کم آمدنی والے بے گھر افراد کے لیے اپنی چھت اپنا گھر سکیم کا آغاز کر دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے سکیم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ سکیم کی پورٹل اور ایپ لائن تشکیل کر دیے گئے ، وزیر اعلیٰ نے مال ہاؤس کا افتتاح بھی کیا۔

مریم نواز نے کہا اس وقت پنجاب ہر چیز میں آگے ہے ، لوگوں کی دوڑیں لگی ہوئی ہیں۔ سکیم کے تحت پلاٹ مالک کو گھر بنانے کیلئے بلاسود 15 لاکھ تک قرض دیجئے ، بنک 16 گھنٹے کام اور ہر سکیم کی کڑی مانیٹرنگ کر رہی ہوں۔ اپنی چھت۔اپنا گھر پروگرام کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا بہت سے لوگ پوچھ رہے تھے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کب شروع کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا سیکرٹری ہاؤسنگ کیپٹن اسد اوڈ کی جی ایچ ایس اینڈ ٹی ہاؤسنگ اتھارٹی نے ہماری توقعات سے بڑھ کر کام کیا۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت تین سکیموں پر جلد عملدرآمد شروع ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا پنجاب کے عوام کو خوشخبری دینی ہوں کہ اپنا گھر بنانے کے لئے شہری علاقے میں ایک سے پانچ مرلے اور دیہات میں ایک سے 10 مرلے تک کے زمین مالک کو 15 لاکھ روپے قرض دیا جائے گا جو 3 سال کی آسان اقساط میں ادا کیا ہوگا قرض پر کوئی سود ، پیشہ ور جارجز اور کوئی سروس جارجز نہیں۔

انہوں نے کہا اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام میں اپلائی کے پروسیس کو آسان کر دیا گیا ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کی ہیلپ لائن 080009100 فنکشنل ہو گئی ہے ، جو ٹیکنالوجی سے واقف نہیں وہ کال کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ مریم نواز نے کہا جناب الحمدللہ ہر چیز میں لیڈ لے رہا ہے ، پنجاب کو دیکھ کر لوگوں کی دوڑیں لگی ہوئی ہیں۔ پانچ ماہ سے گھر میں بیٹھے نہیں تھے ، سولہ سولہ گھنٹے کام شاپ کام کرتی ہوں۔ ایسا نہیں ہوتا کہ ایک سکیم لانچ کر دی اور پھچلی سکیم بھول گئے ، ہر پراجیکٹ ، ہر سکیم کی کڑی مانیٹرنگ کرتی ہوں۔ قبل ازیں مریم نواز نے اپنی چھت، اپنا گھر کے ہاؤل ہاؤس کا افتتاح اور پورٹل کی لانچنگ بھی کی۔ شہری پورٹل acag.punjab.gov.pk سے اپلائی کر سکیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے ماڈل ہاؤس کا دورہ کیا۔ دریں اثناء سندھ کے 10 ویں سول سروس ٹریننگ پروگرام کے افسروں کے وفد نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے ملاقات کی۔

مریم نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا عوام کے پیسے عوام کے بل دے دیئے تو کیا غلط کیا؟، 45 ارب روپے کا ریلیف دیا، زیادہ پیسے ہو تو زیادہ ریلیف دیتی۔ سندھ میں عوام کو ریلیف دیں گے تو سب سے زیادہ خوشی مجھے ہوگی۔ انہوں نے کہا سندھ میں جو اچھے کام ہوئے ہیں ہمیں بھی کرنے چاہئیں، بہت سے کام ہم بھی کر رہے ہیں سندھ کو دیکھنے چاہئیں۔ کسی صوبے میں اگر کوئی اچھا کام ہو رہا ہے تو اپنانے میں کوئی حرج نہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا پہلے سٹرکوں پر 100 فیصد میرٹ پر ہوتی تھی، اپنے لوگوں کو ناراض کیا لیکن میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا۔ انتظامیہ کو پتا دیا ارکان اسمبلی اور عوام کا جائز کام ضرور کرنا ہے ، ناجائز کام کسی کا نہیں کرنا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن سے کرپشن کا خاتمہ ممکن ہے ۔ ڈیجیٹلائزیشن سے سسٹم کو گلوبلائز کیا جا سکے گا، بیرون ملک بیٹھے لوگ گورنمنٹ مہر حاصل کر سکیں گے۔ گھوسٹ سکول نیچر اور انرولمنٹ دیکھی رہی ہوگی لیکن اب ایجوکیشن سسٹم کو بدل رہے ہیں۔ بنک بٹن کا دائرہ کار پورے پنجاب تک بڑھائیں گے ۔ پنجاب سے بڑا صوبہ ہے ، بہتر انفراسٹرکچر، گورننس اور معاشی مواقع کی وجہ سے لوگ یہاں آ رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہیلتھ پر شہباز شریف صاحب نے بہت محنت کی لیکن پانچ سالوں میں ہیلتھ کا بہت برا حال کر دیا گیا۔ اختلاف میں معاملی کا سسٹم پہلی دفعہ مکمل طور پر آؤٹ سورس کیا جا رہا ہے ۔ دیہات میں صفائی کا کوئی تصور ہی نہیں تھا لیکن اب گاؤں بھی صاف ہوں گے ۔ تاجدارانہ اور غیر قانونی تعیرات کے لئے پائیدار اقدامات کر رہے ہیں۔ گندم خریداری نہ کرنے کا رجحان کے سرکل کو توڑا اور عوام کے لئے آٹا اور روٹی سستی ہوئی۔ اس وقت پورے پاکستان میں سب سے زیادہ سستی روٹی پنجاب میں مل رہی ہے ۔ آج دوسرے شہروں، ہسپتالوں، سکولوں اور اداروں میں نہیں جائیں گے تو مسائل کا کیسے پتا چلے گا۔

نواز شریف نے آشیانہ قائد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کیا۔ اپنا گھر پروگرام کے تحت قرض حاصل کرنے والوں کو زیادہ سے زیادہ 14 ہزار روپے قسط ادا کرنی ہوگی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت قرض پر کوئی سود نہیں، کوئی پوشیدہ چارجز نہیں اور کوئی سروس چارجز نہیں۔ عام آدمی کے گھر کے ماہانہ بجٹ میں بچاں کی اشیاء، ادویات، فیسیں، بل شامل ہوتے ہیں جن کی وجہ سے بہت مشکل ہوتی ہے۔ تاریخ کا سب سے بڑا سیلاب پراجیکٹ لا رہے ہیں تا کہ اگلے سال ہلاں کا مسئلہ نہ رہے۔ سی پیک پورے پاکستان کے لئے ہے ۔ رات بھر میں تبدیلی نہیں نہیں ہوتی لیکن کوشش کرنی چاہیے ۔ پسوئنگ فرانسفر 100 فیصد میرٹ پر ہوتی ہیں، اپنے لوگوں کو ناراض کیا لیکن میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا۔ انتظامیہ کو پتا دیا ارکان اسمبلی اور عوام کا جائز کام ضرور کرنا ہے ، ناجائز کام کسی کا نہیں کرنا۔ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام میں ذرعی ملاں پنجاب مریم نواز شریف کے ساتھ وفد بھی موجود تھا جس میں سینیٹر مسٹر مریم اورنگزیب ، صوبائی وزراصہیب اصغر ملک ، ڈیٹاش رفیق ، ارکان اسمبلی ، معاون خصوصی ڈیٹاش ملک ، چیف سیکرٹری ، سیکرٹری ہاؤسنگ ، ڈی جی پھاؤ، افسران اور دیگر شریک رہیں۔

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ماڈل ہاؤس کا دورہ کیا اور ماڈل ہاؤس کے ہر حصے کا مکمل معائنہ کیا۔ مریم نواز نے تعیرات سے متعلق مختلف سٹالز کا جائزہ لیا اور ldap کے سٹال پر قرعہ ڈی پی پر کا مشاہدہ بھی کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو تکریب کی مینیجنگ ڈائریکٹر ثمینہ رشید نے سٹارٹ راک اور ماحول دوست اینٹ ٹائپ" کو راکو بلاک" کے بارے میں بتایا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم

ہم سب کو ہوش کے ناخن لینا ہونگے

تحریر۔ شفقت اللہ مشتاق

اللہ خیر کرے ہم کدھر کو جا رہے ہیں بیٹی ماں کو لوٹنے کے چکر میں ہے۔ بیٹا باپ کے گولی مار دیتا ہے۔ باپ اپنے سارے بچوں کو مار دیتا ہے۔ بھائی بھائی کے ساتھ فراڈ کرنے کے قطعی طور پر اسرار انہیں کرتا ہے۔ چاچے مامے کے رشتے تو خرقہ پارینہ بن گئے ہیں۔ دوست دوست نہ رہا پیار پیار نہ رہا اے زندگی مجھے تیرا اعتبار نہ رہا کا نات کے استحکام کی بنیاد اعتبار اور اعتماد ہے اور اس وقت یہ دونوں دنیا سے اٹھ چکے ہیں۔ اسی لئے اخلاقیات نام کی چیز ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتی ہے اور ہم سب سرپا زار سرگرداں و پریشاں سکون، امن، محبت اور بھائی چارے کی تلاش میں ادھر ادھر دیکھ رہے ہیں۔ ہم کدھر جا رہے ہیں شاید ہم اور جا رہے ہیں جہاں سے ہم آئے تھے۔ کیوں آئے تھے اس کی تعبر میں اترنے تک ہم نے کھوج لگانے کی کوشش ہی نہیں کی ہے۔ بھول گئے تھے کہ مدار کوچ ہونے والا ہے حالانکہ انتباہ نے بہت پہلے ہم سب کے کانوں میں آواز بلند کر دیا تھا (انتباہ ہی اظہر وقت میں آواز بلند کر دیا تھا) انتباہ ہی اظہر وقت میں آواز بلند کر دیا تھا کیا) دل اب کوچ کرو اس شہر سے دل کو لگانا کیا) دل کوئی کھیلے ہوائی چیز تھوڑی ہے اس نے تو بے شمار عاشقوں کو دن دہیاڑے مروا دیا ہے۔ سیانے لوگ اس دل کی اہمیت سے بخوبی آگاہ ہوتے ہیں۔ وہ اس کو سمجھاتے بجھاتے ہیں اور اگر پھر بھی باز نہ آ تو اس پر موکی ضرب لگاتے ہیں پھر دل کی بتکیں کھل جاتی ہیں اور اس سے شیطان فوری طور پر تو دو گیارہ ہو جاتا ہے۔ پھر تو انبیاء علیہ السلام کی اثبات۔ اثبات سے ہی تو بات بنتی ہے اور پھر جہان رنگ و بو میں ایک سے دوسرا آغاز ہو جاتا ہے۔ ویسے تو تحریروں اور تقریروں میں روز ہی سے دوسرا آغاز ہوتا ہے لیکن حقیقت میں دل کی دنیا اور ہے اور مادی دنیا اور ہے۔ مادہ پرست تو ہوتا ہی خاک کا پتلا کریں گے کیونکہ ان کے ہاں فانی اور باقی کا سرے سے ہی شعور نہیں پایا جاتا ہے ۔ آیئے شعور بیدار کرتے ہیں معروف صحافی مہمر مجیب الرحمٰن شامی کا خیال ہے کہ آج کے افراتفری کے دور میں لوگوں کو آپس میں نہیں جائیں گے تو جو تو تو کی سیاست کرنے والے جمہور کے کندھوں پر سوار ہو کر برسر اقتدار آ جاتے ہیں اور پھر نئے نامیوں کے نشان کیسے کیسے اور جو صرف جوڑنے کا کام کرتے ہیں ان کی لوگ زیارت بھی دل کی زندگی کا کام کر جاتی ہے اور وہ مر کر بھی نہیں مرتے ہیں۔ جوڑنے کا سب سے موثر اور پائیدار طریقہ محمد عربی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دھرف بتایا بلکہ کر کے دکھایا۔ مدینہ کی سرزمین پر اخوت کی ایسی عمارت تعیر کر دی جس کے اندر جو بھی داخل ہوا محفوظ اور مامون ہو گیا اور پھر یہ سلسلہ چل نکلا۔ ان کی تربیت یافتہ یہ عرب اور عجم میں پھیل جاتی ہے اور جگہ جگہ لنگر کے دسترخوان کھا کر کالے گورے چھوٹے بڑے اور عربی عجمی سارے اکٹھے کر کے ایک جگہ بٹھا دیے جاتے ہیں۔ یہاں سے قاطبے نکلتے ہیں اور اخلاص اور محبت کے متقاضیں سے لوگوں کو جوڑتے چلے جاتے ہیں۔ باں جہاں کہیں تسلسل ٹوٹ جاتے ہے وہاں شیطان کا خواب شرمندہ تعبیر ہو جاتا ہے تاہم بہت ہی جلد شیطانی قوتوں کو شرمندہ ہونا پڑتا ہے اور توڑ دیا ہے کوئی خلیل طلسم آذری اور مناظرت کے بت توڑ کر ایک دفعہ سے سرے سے جوڑنے کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اس لئے تو تصوف کی دنیا میں بڑے بڑے سلسلے بن جاتے ہیں۔ یہاں آج لوگوں کو سمجھانے کی ضرورت ہے۔ لیکن کون سمجھائے ہم سب اس حمام میں ننگے ہیں اور پھر بین الاقوامی صورت حال بھی کچھ ایسی ہی ہے ۔ جگی چڑی باتیں اور ظلر پہ نعرے ۔ ویسے تو اقوام متحدہ کا ایک جامع پروگرام برائے امن و سلامتی اپنی اصل حالت میں موجود ہے ۔ اس کے باوجود امریکہ بہادر جب چاہتا ہے پوری دنیا میں گھوم جاتا ہے اور اپنی من مرضی کرتا ہے اس کے ہاتھوں سے کوئی بھی محفوظ نہیں ہے ۔ اس کے زیر سایہ پلنے والے بھی اپنے آپ کو مطلق العنان سمجھ کر خوب بدحماشی کرتے ہیں۔ ایسے تو نہ فلسطین، کشمیر یوسنیا ہے اور اس کے مقابلے میں انسانیت کا سر عام قتل کیا جا رہا ہے اور جہاں کہیں ان کو اینٹ کا جواب پتھر سے ملنے کا اندیشہ پیدا ہو جاتا ہے وہاں اقوام متحدہ کو امن کا خیال آ جاتا ہے اور پھر ایک سے سرے سے من مانی اگر بصورت دیگر ہو جائے تو ویٹو پاور تو ہمارے پاس ہے یوں ہمارے سامنے کون دم مار سکتا ہے ہاں ہم سب کو جب چاہیں مار سکتے ہیں۔ کمزور اور مجبور ممالک کے پاس چپ وٹنے کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں۔ ان مجبوروں کو جوڑنے والے بابے بھی سوگئے ہیں اور ان کے وارث تھے کہانیوں کے محتاج ہو گئے ہیں۔ ایسا ہی کچھ معاملہ دیگر ممالک کے اندرونی منظر کا ہے۔ اختصاصی طبقہ نے سے روپ بدل کر سامنے آ تے ہیں اور پھر چھا جاتے ہے۔ دونوں ہاتھوں سے پیسہ کمایا جاتا ہے۔ طاقت کا بھرپور انداز سے مظاہرہ کیا جاتا ہے اور اقتدار میں آ کر جملہ وسائل کی کنجیاں اپنے ہاتھ میں رکھ لی جاتی ہیں۔ ایسے تو نہ بڈھلی، منافرت اور دشمنی کی فضا قائم ہوگئی ہے ۔ پانی اوپر سے پھچا آتا ہے۔ مذکورہ خباثتیں پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہیں اور اخوت کی عمارت زمیں بوس ہو جاتی ہے اور ہم زمینی خداں کے سامنے سجدہ ریز ہو جاتے ہیں۔ اس ساری صورتحال سے نبرد آزما ہونے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ لوگوں کو آپس میں جوڑا دیا جائے اور یوں آپس کے غدشات دور ہو جائیں گے ۔ اختصاصی طبقہ خوفزدہ ہو کر اپنی سکت عملی پر نظر ثانی کرنے پر مجبور ہو جائیگا۔ اور کمزور اور متوسط طبقہ توانائی حاصل کرنے میں بتدریج کامیاب ہو جائیگا۔ اور یہ صرف اخوت اور بھائی چارے سے ممکن ہے اور انسانیت کے درمیان تعلقات بنی یا خاطر۔ یہی بات سب بڑوں نے کی ہے اور یہی خیر کی بات ہے اور خیر الامور اوسطہا۔ جیسے جیسے خیری صدا بلند ہوگی ویسے ویسے مصنوعی ہتھکنڈوں اور نابکاریوں کا خاتمہ ہو جائیگا۔ سب ذی روح سے آپ کو اولاد آدم سمجھیں گے اور قاتل سے نفرت کریں اور قاتل کو بھی اس نفرت کے مضمراثرات کا بخوبی اندازہ ہو جائیگا اور وہ بھی اپنے کیے پر نادم اور شرمندہ ہو جائیگا۔ بھول کر توبہ کرنے والے کو تو خدا بھی معاف کر دیتا ہے اور خدا کو ہر حال اپنی مخلوق بہت پیاری ہے اور اس کے ساتھ زیادتی کرنے والے اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے تو موسمی تغیرات کی تباہ کاریوں کا شور مچ جاتا ہے ۔ بارش کی وجہ سے دریا جوش میں آ جاتے ہیں اور سیلاب کے نقصانات پر انحطاط الامان کی آوازیں اٹھتی ہیں۔ فطرت انسان کو سبق سکھانے کا تہیہ کر لیتی ہے ۔ ہم سب کو ہوش کے ناخن لینا ہونگے۔

SHOWBIZ شوبز

حافظ قرآن ہونے کی وجہ سے والد نے شوبز میں آنے سے منع کیا، لائبہ خان

بچپن میں والدہ کی خواہش پر قرآن حفظ کرنا شروع کیا تو دل لگ گیا

کراچی (این این آئی) اداکارہ لائبہ خان نے کہا کہ میری پرورش اچھی ہے اس لئے 5 سال کی عمر میں قرآن پاک حفظ کر لیا تھا، گلی گلی شور مچاتے ہوئے لائبہ خان نے بتایا کہ بچپن میں والدہ کی خواہش پر قرآن حفظ کرنا شروع کیا تو دل لگ گیا چونکہ میری پرورش بہت اچھی ہے اس لئے 9 سال کے دوران ہی پورا قرآن حفظ کر لیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ قرآن حفظ کرنے بعد میں نے اپنی پڑھائی کا دوبارہ آغاز کیا اور اسی وجہ سے مجھے جو سال یعنی 6 کلاس ہیں، ماشاءاللہ۔ بنک کے بعد میں اپنی امی کے ساتھ پھولی بھٹی اور اداکارہ ایمان کو جانتی تھی، ان کے ساتھ کس کے ساتھ کام کرنا ہے ، تاہم انہوں نے بھی کہا کہ وہ شاہ رخ کے ساتھ ایک فیچر معروف فلم گڈو میں بھی کام کر چکی ہیں۔

شادرخ کیساتھ کام کی وجہ ان کی چوائس کا مسئلہ ہے، منیشا کوئرالہ

شادرخ خان اور منیشا کوئرالہ نے 1998 کی فلم دل میں اکٹھے کام کیا تھا

سمتی (این این آئی) پاکی وڈ اداکارہ منیشا کوئرالہ کا کہنا ہے کہ پاکی وڈ میں جیور فیصلہ کرتا ہے کہ اسے کس ہیرو کیساتھ کام کرنا ہے، اسی لیے انہوں نے شادرخ خان کے ساتھ کام کیا ہے۔ شادرخ خان اور منیشا کوئرالہ نے 1998 کی فلم دل میں اکٹھے کام کیا۔ پاپا کیا، مانی رتم کی اس فلم کو 26 دسمبر ساگر مانی جاری ہے، فلم میں منیشا کوئرالہ نے ہیرو کین کا رول ادا کیا۔ شادرخ خان کے ساتھ اداکارہ منیشا کوئرالہ نے کام کرنا ہے ، اب وہ ایک ہی فلم میں کام کر رہے ہیں۔ اسی لیے انہوں نے شادرخ خان کے ساتھ کام کیا ہے۔ شادرخ خان اور منیشا کوئرالہ نے 1998 کی فلم دل میں اکٹھے کام کیا۔ پاپا کیا، مانی رتم کی اس فلم کو 26 دسمبر ساگر مانی جاری ہے، فلم میں منیشا کوئرالہ نے ہیرو کین کا رول ادا کیا تھا کہ

آئیکونک ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینینس 27 اگست 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ بیان میں ریلیز کے مطابق پیور جیوری سسٹم مینٹیننس اوورہیڈ ورک کے باعث آئیکونک ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کی بجلی سپلائی کے وائے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 27 اگست 2024ء بتوقت 06:00 بجے تا 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، اٹھارہ ہزاری سرکل، گلالہ سٹی H-8/2 & I&II، این ایف سی، گلالہ سٹی، ایف ایم ٹاور، راولپنڈی سٹی سرکل، عالم آباد، راجہ فیڈرز، ہمالیہ، ہوم سرکل، شکرپارہ، ایف ایم ٹاور، پنڈی روڈ، ٹاپ سرداراں، عیدگاہ، ڈھوک ناجو، ایکسٹرا سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ بیان میں ریلیز کے مطابق پیور جیوری سسٹم مینٹیننس اوورہیڈ ورک کے باعث آئیکونک ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کی بجلی سپلائی کے وائے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 27 اگست 2024ء بتوقت 06:00 بجے تا 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، اٹھارہ ہزاری سرکل، گلالہ سٹی H-8/2 & I&II، این ایف سی، گلالہ سٹی، ایف ایم ٹاور، راولپنڈی سٹی سرکل، عالم آباد، راجہ فیڈرز، ہمالیہ، ہوم سرکل، شکرپارہ، ایف ایم ٹاور، پنڈی روڈ، ٹاپ سرداراں، عیدگاہ، ڈھوک ناجو، سلطان، باغ

طیفی بھٹہ اقبال کالونی کے عوام پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

علاقہ مکین سراپا احتجاج، متعلقہ سپروائزر اور وال مین کو متعدد بار کمپلین کرنے کے باوجود بھی مسائل حل نہ ہو سکے، شہری شہریوں کا مطالعہ حکام اور اسی ای او کیڈ نمنٹ سے اقبال کالونی میں پانی کے مسائل کا نوٹس اور عملہ کے خلاف ایکشن لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (عمیدالرحمان سے) کینٹ کے علاقہ طیفی بھٹہ اقبال کالونی کی تمرتوب سات کے رہائشی پانی کی بوند بوند کو ترس گئے۔ اس علاقہ سراپا احتجاج، متعلقہ سپروائزر اور وال مین کو متعدد بار کمپلین کرنے کے باوجود بھی مسائل حل نہ ہو سکے، شہری اقبال کالونی کی تمرتوب سات کے رہائشی پانی کی بوند بوند کو ترس گئے۔ اس علاقہ سراپا احتجاج، متعلقہ سپروائزر اور وال مین کو متعدد بار کمپلین کرنے کے باوجود بھی مسائل حل نہ ہو سکے، شہری سٹی کے مطابق سپروائزر اور وال مین پانی کی سپلائی کھولنے سے پہلے بذریعہ فون آگاہ کر دیتے ہیں مگر کئی نمبر تو سب سات (بقیہ نمبر 1)

بہاولنگر میں بیٹیاں پیدا ہونے پر شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل

پولیس تھانہ بی ڈیویژن نے مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج

بہاولنگر (آئی پی) بہاولنگر میں بیٹیاں پیدا ہونے پر شوہر نے بیوی کو موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس تھانہ بی ڈیویژن نے مقتول کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے خاوند کو گرفتار کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق (بقیہ نمبر 2)

وزیر لیبر پنجاب فیصل ایوب کھوکھر سوشل سیکیورٹی ہسپتالوں کے دورے کے دوران مریضوں سے سہولیات بارے دریافت کر رہے ہیں

مرکزی انجمن تاجران چوآ سیدن شاہ شیرازی کا شٹر ڈاؤن کا اعلان

تاجر دوست سسٹم کے نکیس اور دیگر ناجائز ٹیکسز کو یکساں مسترد کرتے ہیں

چوآ سیدن شاہ (خادم شہزاد) مرکزی انجمن تاجران چوآ سیدن شاہ شیرازی کی یونیٹی پریس کلب رہنڑ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے 28 اگست بروز بدھ آل پاکستان مرکزی انجمن تاجران کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ مرکزی انجمن تاجران کے مرکزی صدر راجہ افضل ۔ چیئرمین مرکزی انجمن تاجران کے (بقیہ نمبر 6)

موسیٰ خیل میں 23 افراد کا بہیمانہ قتل، وزیراعلیٰ بلوچستان کی مذمت

دہشت گرد، سہولت کار بزدل اپنے انجام سے نہیں بچیں گے، آخری حد تک پیچھا کریں گے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (انٹرنیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے موسیٰ خیل میں کانوں پر کام کرنے والے 23 افراد کو قتل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد اور سہولت کار بزدل اپنے انجام سے بچ نہیں پائیں گے، آخری

بجلی صارفین پر 46 ارب کا مزید بوجھ ڈالنے کی تیاری مکمل

صارفین پر بوجھ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ڈالا جائیگا، بجلی کی قیمتوں میں اضافہ اپریل تا جون تین ماہ کیلئے مانگا گیا ہے

پیپرا تقسیم کار کمپنیوں کی درخواست پر سماعت کرے گا، بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کے الیکٹرک سمیت تمام صارفین کیلئے مانگا گیا ہے

پر بوجھ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ڈالا جائے گا۔ بجلی کی قیمتوں میں اضافہ اپریل تا جون تین ماہ کے لیے مانگا گیا ہے، کیپسٹی چیکس کی مد میں 22 ارب روپے صارفین سے وصول کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ فرانچائزز اور سٹریٹ لائٹس کی مد میں 10 ارب (بقیہ نمبر 2)

وزیر قومی ورثہ و ثقافت پنجاب ڈاکٹر ریاض احمد چوہدری کا ڈی جی پی ایم ڈی سے ملاقات کا اظہار

بھارت نے ایل او سی پار کرنے والا ڈرون پاکستان سے واپس مانگ لیا

ڈرون بھمبر گلی کے علاقے میں ایک ٹیسٹ فلیٹنگ پر محو پرواز تھا، بھارتی موقف

ڈی جی، اسلام آباد (این این آئی) بھارتی فوج نے زیر استعمال سرویلنس ڈرون غلطی سے مقبوضہ کشمیر کے ضلع پونچھ میں لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پار کر کے پاکستانی سرحد میں داخل ہو گیا، جس پر بھارت کی نقلیں نکل گئی ہیں، اور اب بھارتی حکام پاکستان سے اپنا ڈرون واپس مانگ رہے ہیں۔ بھارتی ذرائع اطلاع کے مطابق بھارتی فوج نے بتایا کہ ڈرون بھمبر گلی کے علاقے میں ایک ٹیسٹ فلیٹنگ پر محو پرواز تھا، تکنیکی مسئلے کی وجہ سے آپریٹرز اس کا کنٹرول کھو بیٹھا اور ڈرون ایل او سی کے دوسری طرف جا گرا۔ بھارتی اخبار (بقیہ نمبر 3)

کھیڑوہ، چہلم امام حسین علیہ السلام دو بڑے جلوس عزاداروں کی ماتم داری

پیرامیڈیکل سٹاف، ریسکیو، ٹریفک پولیس اور ایلیٹ فورس کے دستوں نے سیکورٹی فراہم کی

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کے مطابق ملک بھر کے دیگر شہروں کھیڑہ کھیوڑہ کے زیر استعمال سیم پلیم کے موقع پر تاریخی جلوس برآمد ہوئے شہر میں حسب روایت دو جلوس نکالے گئے ایک جلوس مرکزی امام بارگاہ محلہ بختاوہ سے نکالا گیا جبکہ دوسرا جلوس محلہ اسلام گنج سے نکالا گیا جو کہ شاہد چوک پر ایک بڑے جلوس کی شکل اختیار کر گیا جلوس میں عزاداروں نے کربلا کے واقع کو یاد کر کے نجیر ذکی کی اور زرب لگائی جن کو لطیف امداد سید کرنے کے لیے ڈپٹی ڈسٹرک ہیلتھ آفیسر پنڈ دادنخان ڈاکٹر مدثر اختار (بقیہ نمبر 4)

سرگودھا، ڈپٹی کمشنر لیٹیفن (ر) محمد وسیم اور ڈی پی او ڈاکٹر اسعد اعجاز ملہی چہلم جلوس کی ڈیوٹی پر معمور جوانوں کے ساتھ گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی، روات پولیس کی کارروائی، 8 ڈاکو گرفتار، اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) روات پولیس نے 8 ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 8 ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں عمران، طارق، بلال، صفدر، ایوب، صفدر علی، موہن شہزاد اور اشفیر علی شامل ہیں، ملزمان سے اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان نے رواں ماہ میں اٹک، بیجنی پر ڈکیتی کی وارادات کی تھی، ملزمان کی شناخت پریڈ کے بعد برآمدگی کا ٹھوس ثبوت کیا جائے گا۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، اہلیہ پر تشدد، مارنے کی دھمکیاں دینے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صدر واہ پولیس نے اپنی اہلیہ پر تشدد اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس کو خاتون نے درخواست دی کہ میرے شوہر باسر نے بلسہارا پیا اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں، صدر واہ پولیس نے خاتون کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے اپنی اہلیہ پر تشدد اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے ملزم باسر کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او پٹھوار نامہ فراز نے کہا کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، خواتین (بقیہ نمبر 5)

موسیٰ خیل میں 23 افراد کا بہیمانہ قتل، وزیراعلیٰ بلوچستان کی مذمت

دہشت گرد، سہولت کار بزدل اپنے انجام سے نہیں بچیں گے، آخری حد تک پیچھا کریں گے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (انٹرنیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے موسیٰ خیل میں کانوں پر کام کرنے والے 23 افراد کو قتل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد اور سہولت کار بزدل اپنے انجام سے بچ نہیں پائیں گے، آخری حد تک پیچھا کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے موسیٰ خیل کے قریب، بسوں اور کوئلوں سے اتار کر شناخت کے بعد 23 افراد کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد اور سہولت کار بزدل اپنے انجام سے بچ نہیں پائیں گے، آخری حد تک پیچھا کریں گے۔ میر برکت کا انجام سے بچ نہیں پائیں گے (بقیہ نمبر 5)

قلات میں مسلح پولیس اور لیویز اہلکاروں سمیت 10 افراد جان بحق

افراد کی فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے جبکہ علاقے کو کلیئر کرنے کا سلسلہ جاری ہے

قومی شاہراہ اور شہر میں مسلح افراد رات سے پولیس کیساتھ مقابلہ کر رہے تھے جس میں جانی و مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا

کوئٹہ (پی پی آئی ایس ایس پی قلات دوستین دشتی کے مطابق فائرنگ سے پولیس کا ایک سب انسپکٹر، چار لیویز اہلکار اور پانچ شہری جاں بحق ہوئے۔ فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے جبکہ علاقے کو کلیئر کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ قومی شاہراہ اور شہر میں مسلح افراد رات سے پولیس کے ساتھ مقابلہ کر رہے تھے جس میں جانی و مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسری جانب، نامعلوم مسلح افراد نے جیوانی میں بھی پولیس تھانے پر حملہ کیا تھا، حملہ آور ایرانی سرحد سے 15 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع تھانے پر کیا (بقیہ نمبر 3)

گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری مرحومہ کے صاحبزادے کی برسی کی تقریب میں شرکت کر رہے ہیں

پولیس ہیڈ کانسٹیبل کے گھر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، خاتون جاں بحق

ہڑپہ پولیس نے لاش اور زخمی بچی کو پوسٹمارٹم کیلئے اسپتال منتقل کر دیا ہے

ہڑپہ پولیس (آئی آئی پی) ساہیوال میں نامعلوم افراد نے پولیس ہیڈ کانسٹیبل کے گھر میں گھس کر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ان کی بیوی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ساہیوال کے نواحی گاؤں 15 ڈبلیو ایم میں پولیس ہیڈ کانسٹیبل (بقیہ نمبر 4)

یہ تاثر غلط ہے پی پی حکومت میں حصہ مانگ رہی ہے، حسن مرتضیٰ

ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے درمیان پاور شیئرنگ پر بات ہوئی، باتیں خوش گوار ماحول میں ہوئی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب پاور شیئرنگ پر بات ہوئی، باتیں خوش گوار ماحول میں ہوئی ہیں۔ پی پی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی دونوں اتحادی حکومت کو آگے لے کر چلنا چاہتے ہیں، ایک ڈپٹی کلچر بنانے پر پاور شیئرنگ کے معاملات کو دیکھیں گے۔

مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے صدر شاہ علام قادری سے سابق مشیر قیصلہ بدیم زرگر ملاقات کر رہے ہیں

بجلی چوری کے خاتمے کیلئے پولیس کو دیئے اختیارات قانون نہیں بن سکے

حکومت نے دسمبر 2023 کو صدارتی آرڈیننس کے ذریعہ بجلی چوری قابل دست اندازی پولیس جرم قرار دیا تھا

بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کے لئے بجلی تقسیم کار کمپنیاں مقدمات درج نہیں کرسکیں گی۔ ذرائع

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت کا بجلی چوری کے خاتمے کے لئے غیر جیوڈیشل پیپکو چوری کے خلاف پولیس کو دیئے گئے اختیارات قانون نہیں بن سکے، بجلی چوری کے بغیر سزا چھوٹ جانے کے خدشہ، بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کے لئے بجلی تقسیم کار کمپنیاں مقدمات درج نہیں کرسکیں گی۔ ذرائع کے مطابق ملک میں بجلی چوری کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہونے کا بجلی چوری کو قابل دست اندازی پولیس بنانے کے صدارتی حکم نامے کی مدت (بقیہ نمبر 5)

گلگت، منموعہ جڑی بوٹیوں کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی

منموعہ جڑی بوٹی ایک پرائیویٹ کار سے سرکاری گاڑی میں منتقل ہو رہی تھی

گلگت (این این آئی) گلگت میں منموعہ جڑی بوٹیوں کو اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی، پاکورکت میں فارسیک گارڈ نے منموعہ جڑی بوٹی اسمگل کی کوشش ناکام بنادی، منموعہ جڑی بوٹی ایک پرائیویٹ کار سے سرکاری گاڑی میں منتقل ہو رہی تھی، چھاپے کے وقت سرکاری گاڑی جڑی بوٹیوں کی متعدد بوریاں لے کر فرار ہو گئی ایک جڑی بوٹی تھم (بقیہ نمبر 6)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free .com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

راولپنڈی میں 23 افراد کا بہیمانہ قتل، وزیراعلیٰ بلوچستان کی مذمت

دہشت گرد، سہولت کار بزدل اپنے انجام سے نہیں بچیں گے، آخری حد تک پیچھا کریں گے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (انٹرنیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے موسیٰ خیل میں کانوں پر کام کرنے والے 23 افراد کو قتل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد اور سہولت کار بزدل اپنے انجام سے بچ نہیں پائیں گے، آخری حد تک پیچھا کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے موسیٰ خیل کے قریب، بسوں اور کوئلوں سے اتار کر شناخت کے بعد 23 افراد کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد اور سہولت کار بزدل اپنے انجام سے بچ نہیں پائیں گے، آخری حد تک پیچھا کریں گے۔ میر برکت کا انجام سے بچ نہیں پائیں گے (بقیہ نمبر 5)

سیاست میں آنے کا ارادہ ہے نہ وقت، علیمہ خان

پی پی آئی آئی لیڈر و بھائی ہیں، جو چاہیں کریں ساتھ کھڑے رہیں گے

8 ستمبر کو یہ کہیں گے ہم پھنسنے لگا ہے مگر جلسہ ضرور ہوگا، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (انٹرنیوز) پی پی آئی کی سینئر علیمہ خان نے کہا ہے کہ سیاست میں آنے کا ارادہ ہے نہ وقت، پی پی آئی لیڈر و بھائی ہیں، جو چاہیں کریں ساتھ کھڑے رہیں گے، 8 ستمبر کو یہ کہیں گے ہم پھنسنے لگا ہے مگر جلسہ ضرور ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق اڈیالہ جیل راولپنڈی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی پی آئی کی سینئر عہدیدار علیمہ خان نے کہا کہ سب

چینی کمپنی پاکستان میں سولر پینلز پلانٹ لگانے کو تیار

منسٹری ڈیوٹی فری درآمدی اجازت مانگ لی، سولر پینل درآمد کرنے والوں جیسی ترغیبات دی جائیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں سولر پینل تیار کرنے کے خواہش سے غیر معمولی پیش رفت ہوئی ہے۔ ایک چینی کمپنی نے سولر پینل تیار کرنے کا پلانٹ لگانے کے سلسلے میں رابطہ کیا ہے اور متعلقہ منسٹری کی ڈیوٹی فری درآمد پر زور دیا ہے۔ چینی کمپنی کا کہنا ہے کہ حکومت نے سولر پینل درآمد کرنے والوں کو جو ترغیبات دے رکھی ہیں وہی ہی ترغیبات دی جائیں تاکہ قیمت کی فرق زیادہ نہ رہے۔ سرمایہ کاری میں سہولت اور متعلقہ منسٹری کی خصوصی توجہ (بقیہ نمبر 6)

قائم مقام صدر ریاست چوہدری لطیف اکبر سے سیکرٹری اطلاعات سردار عضنفر یعقوب، شوکت جاوید میر بشیر چوہدری علی ضریز ملاقات کر رہے ہیں

حج پالیسی 2025 کا آئندہ ماہ اعلان کیے جانے کا امکان ہے

حج پالیسی کا اعلان آئندہ ماہ ستمبر میں کیے جانے کا امکان ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے آئندہ سال 2025 کی حج پالیسی کے تیاریوں پر کام تیز کر دیا۔ ذرائع کے مطابق حج پالیسی کا اعلان آئندہ ماہ ستمبر میں کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پرائیویٹ حج اور سرکاری حج اسکیم کو نئے سے متعلق پالیسی میں تبدیلی اور زیادہ اور کم مدتی حج اسکیم کے معاملے پر بھی حج پالیسی اہم ہوا کو جائزہ لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت مذہبی امور کو عازمین حج کی طرف سے حج انتظامات (بقیہ نمبر 7)

گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری چیف جسٹس فرخت عطاء محمد بندیال کو بوکے پیش کر رہے ہیں

اڈیالہ جیل راولپنڈی کے ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ سمیت 3 افسران تبدیل

محکمہ جیل خانہ جات پنجاب سے تقرریوں اور تبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل راولپنڈی کے ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ سمیت 3 افسران کو تبدیل کر دیا گیا۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی کے ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آفتاب احمد کو تبدیل کر کے سینٹرل پنجاب پرزن اسٹاف ٹریننگ کالج ساہیوال مقرر کر دیا گیا ہے۔ محکمہ جیل خانہ جات کی جانب سے تقرریوں اور تبادلوں کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ثمرہ جبین کو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایجوکیشن ریجنل آفس بہاولپور لگا دیا گیا۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ مظہر اقبال الم کو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایجوکیشن ریجنل آفس (بقیہ نمبر 8)

سرگودھا، پہاڑی تودے تلے دب کر دو مزدور جاں بحق

محکمہ مائنز اور لیبر اور سی این بی فرانز بھٹی کی غفلت کی وجہ سے پیش آیا، ذرائع

سرگودھا (این این آئی) ضلع سرگودھا کے علاقے پل گیارہ میں دو مزدور پہاڑی تودے کے نیچے آ کر جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق 126 جنوبی پہاڑی پر سائیٹنگ کے دوران کام کرتے ہوئے دو مزدور دب کر جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک مجروح ہوا۔ ریسکیو حکام کے مطابق تین مزدور اصغر اشرف اور طارق اشرف جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق 126/12 پہاڑی پر کام کر رہے تھے کہ پہاڑی کا ایک حصہ سرک گیا جس کے نیچے دب کر اصغر اور اشرف جاں بحق (بقیہ نمبر 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

طالبان کی حمایت سے ٹی ٹی پی نے پاکستان کے اندر حملے تیز کر دیئے

خطرات کا عدم تحریک طالبان پاکستان اور افغانستان میں پناہ لیے دیگر عسکریت پسند گروہوں سے ہے

ایوان رپورٹ میں طالبان، القاعدہ کے ساتھ ٹی ٹی پی کے بڑھتے تعاون کے خدشے کا اظہار کیا گیا ہے

اسلام آباد (شاہد عوامی للکار) اقوام متحدہ نے دہشتگردی پر نئی رپورٹ جاری کر دی جس میں پاکستان میں دہشتگردی کے خطرات میں اضافے کا انکشاف کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق خطرات کا عدم تحریک طالبان پاکستان اور افغانستان میں پناہ لیے دیگر عسکریت پسند گروہوں سے ہے۔ ٹی ٹی پی نے پاکستان کے اندر اپنے حملے تیز کر دیے ہیں۔ ایوان رپورٹ میں طالبان، القاعدہ (بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی، قتل مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) آر اے بازار پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم اللہ دتا کی ایماء پر اس کے ساتھیوں نے شہری اعجاز کو فائرنگ کر کے قتل کیا تھا، واقعہ کا مقدمہ گزشتہ سال مقتول کے چچازاد بھائی کی مدعیت میں قتل کا مقدمہ آر اے بازار میں درج کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم رحیم اللہ کو گرفتار کر لیا

راولپنڈی میں 6 قمار باز گرفتار

قبضے سے داؤ پر لگی رقم 59 ہزار روپے، 2 موبائل فون اور تاش برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی ڈویژن پولیس نے جاٹی پر جوا کھیلنے والے 6 قمار بازوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 59 ہزار روپے، 2 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق روہ امرال تھانہ پولیس نے 4 قمار بازوں سعید، طارق، شاہد اور محمد عمر کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 40 ہزار، 100 روپے، اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، جبکہ دوسالی پولیس نے 2 قمار باز ذیشان اور شیراز کو گرفتار کر لیا، ملزمان (بقیہ نمبر 9)

مری کی پکار تعمیرات نہیں جنگلات مری میں مون سون شجرکاری مہم کا آغاز

اس ہم کی بدولت اس سال مری میں 7 لاکھ سے زائد درخت لگائے جائیں گے

مری (اے ایف پی) محکمہ جنگلات پنجاب اور پاک فوج اور پلانٹ فار پاکستان سیل کی مشترکہ کاوش سے مری میں جنگلات کی بحالی کے لئے مون سون شجرکاری مہم کا آغاز ہو گیا۔ ایس ڈی ایف سی کے گرین پاکستان ایشیئٹو اور پلانٹ فار پاکستان کے اس مہم کی بدولت پنجاب اور پاکستان کے دیگر علاقوں میں جنگلات کی بحالی کے لئے 7 لاکھ سے زائد درخت لگائے جائیں گے، ہم کے تحت صرف آج کے دن 5 ہزار سے زائد پودے لگائے گئے۔ مری کے ڈپٹی کمشنر حسن کو بڑھانے کے لیے (بقیہ نمبر 10)

موسیٰ خیل، 23 افراد کی ہلاکت، محسن نقوی کا اظہار افسوس

معصوم لوگوں کو نشانہ بنا کر ظلم کی انتہاء کی گئی، دہشت گرد، سہولت کار نہیں بچیں گے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے موسیٰ خیل میں 23 افراد کی ہلاکت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنا کر ظلم کی انتہاء کی گئی، دہشت گرد، سہولت کار بھرتیاں کر کے انجام سے بچ نہیں سکیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے موسیٰ خیل میں 23 افراد کی ہلاکت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنا کر ظلم کی انتہاء کی گئی، دہشت گرد، سہولت

فوری ضرورت

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com